فیصل آباد کی بزرگ روحانی شخصیت حضرت پیر سید جیون بخاریؒ کے گدی نشین پیر سید بابر سلطان،
انکی اہلیہ محترمہ تمکنت المنتہاء ایڈوکیٹ اور سینکڑوں مریدوں کی ایم کیو ایم میں شمولیت
تاندلیاں والا کے سابق نائب ٹاؤن ناظم ملک مدثر نے بھی ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرلی

فیصل آباد۔۔۔24 مارچ2011ء

فیصل آباد کی بزرگ روحانی شخصیت حضرت پیر سید جیون بخاریؒ کے گدی نشین پیر سید بابر سلطان، انکی اہلیہ محترمہ تمکنت المنتہاء ایڈوکیٹ اور انکے سینکڑوں مریدوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ہے۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج فیصل آباد میں ہونے والے پیر سید جیون بخاریؒ کے عرس کے موقع پر تین روزہ سالانہ میلے کے آخری روز کیا۔اجتماع سے ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے بھی خطاب کیا۔ میلے میں فیصل آباد کے عہدیداروں اور کارکنوں سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ پورا پنڈال ایم کیوایم کے پرچموں، بینروں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بڑے پورٹریٹ سے سجا ہوا تھا۔ ہزاروں افراد نے ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں زوردار نعرے لگائے۔ بعدازاں پیر سید بابر سلطان نے تاندلیاں والا شہر میں اپنی رہائش گاہ پر موقع پر ایم کیوایم کے رہنماؤں کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر تاندلیاں والا کے سابق نائب ٹاؤن ناظم ملک مدثر نے بھی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔

☆☆☆☆☆